سوال نمبر 11: بدل کسے کہتے ہیں اسکی اقسام کتنی اور کون کون سی ہیں؟

سوال نمبر 12: ضمیر شان و ضمیر قصہ کسے کہتے ہیں؟ مثال سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 13: تعریف و تنکیر کے اعتبار سے اسم کی کتنی اور کون کون سے قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 14: اسمائے افعال سے کیا مراد ہے؟ مثال سے واضح فرمائیے۔

سوال نمبر 15: "اِذا" کا استعمال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: منادیٰ مفرد معرفہ ہو تو اسکے اعراب کیا ہوں گے؟

سوال نمبر 17: مضاف کا کن چیزوں سے خالی ہونا ضروری ہے؟

سوال نمبر 18: اضافت کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 19: "صلہ" میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟

سوال نمبر 20: "کَمْ" کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: وجوہ اعراب کے اعتبار سے اسم معرب کے اعراب کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ کسی دو کی وضاحت فرمائیے۔

سوال نمبر 2: مصدر کی تعریف اور اسکے اوزان کے متعلق بتائیے کہ اسکے اوزان ثلاثی مجرد و غیر ثلاثی مجرد میں کیسے جانے جاتے ہیں؟

سوال نمبر 3: نکرہ کو مبتداء لانے کی صورتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: مفعول فیہ کی تعریف تحریر کرتے ہوئے اسکی اقسام کو تفصیلاً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: کسی 2 کی ترکیب نحوی کیجئے۔

(1) ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی (2) رب رجل کریم لقیتہ (3) اھلا و سھلا

رول نمبر: _____

دستخط طالبہ: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عامہ دوم　　پرچہ: ساتواں　　مضمون: اللغۃ العربیۃ

تاریخ: 20-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: _____　　دستخط نگران مرکز امتحان: _____　　دستخط مقتشہ: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: طالب قدیم۔۔۔ ہے۔

(الف) جملہ فعلیہ　(ب) جملہ اسمیہ　(ج) مرکب توصیفی　(د) مرکب اضافی

سوال نمبر 2: الصیف الاخیر کا معنی ہے۔

(الف) آخری صف　(ب) آخری صفت　(ج) آخری کلاس　(د) آخری صوفہ

سوال نمبر 3: یزورُ کا تثنیہ ہوگا۔

(الف) ازوران　(ب) تزوران　(ج) یزوران　(د) یزورین

سوال نمبر 4: اسپانیا کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) شام　(ب) اسپین　(ج) سوڈان　(د) انڈونیشیا

سوال نمبر 5: بائع ملابس الاطفال کے معنی۔۔۔ ہیں۔

(الف) بچوں کے کپڑے بیچنے والا　(ب) عورتوں کے کپڑے بیچنے والا　(ج) سردیوں کے کپڑے بیچنے والا　(د) گرمیوں کے کپڑے بیچنے والا

سوال نمبر 6: تعمل هذه البنت۔۔۔

(الف) مدرسات　(ب) مدرستان　(ج) مدرسة　(د) مدرستین

سوال نمبر 7: ممرض کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) مریض　(ب) ڈاکٹر　(ج) تیماردار　(د) حکیم

سوال نمبر 8: الفطور کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) دوپہر کا کھانا　(ب) رات کا کھانا　(ج) ناشتہ　(د) شام کی بجائے

سوال نمبر 9: سباك کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) پالک　(ب) پلمبر　(ج) باورچی　(د) کاشتکار

سوال نمبر 10: حلاق کے معنی ہیں۔

(الف) نان بائی　(ب) ذبح کرنے والا　(ج) درزی　(د) نائی

سوال نمبر 11: الفتاۃ کے معنی ہیں۔

(الف) نوجوان لڑکی　(ب) نوجوان لڑکیاں　(ج) نوجوان لڑکے　(د) نوجوان لڑکا

سوال نمبر 12: صباح الخیر کا معنی ہے۔

(الف) صبح بخیر　(ب) شام بخیر　(ج) پھر ملیں گے　(د) کوئی حرج نہیں

سوال نمبر 13: فُرْصَةٌ سَعِيْدَةٌ کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) خوش آمدید　(ب) اچھا موقع　(ج) خدا حافظ　(د) آپ سے مل کر خوشی ہوئی

سوال نمبر14: مِهْنَةٌ کا معنی ہے۔

(الف) محنت کرنا (ب) مشقت کرنا (ج) پیشہ (د) ذریعہ

سوال نمبر15: نَادِلٌ کے معنی ہے۔

(الف) ناول لکھنے والا (ب) تاجر (ج) ویٹر (د) سوداگر

سوال نمبر16: عربی میں دوست کو۔۔۔بولتے ہیں۔

(الف) صديقة (ب) صديق (ج) صادق (د) تصديق

سوال نمبر17: تقرئین۔۔۔کا صیغہ ہے۔

(الف) واحد مؤنث غائب (ب) واحد مؤنث حاضر (ج) جمع مؤنث حاضر (د) جمع مؤنث غائب

سوال نمبر18: تُصَلِّ واحد مؤنث غائب کا ماضی ۔۔۔

(الف) صَلَّت (ب) صَلَّيْتُ (ج) صَلَّيْتِ (د) صَلَّيْتَ

سوال نمبر19: خباز کے معنی۔۔۔ہیں۔

(الف) دودھ فروش (ب) ملازم (ج) الیکٹریشن (د) نان بائی

سوال نمبر20: طبیب الانسان کے معنی۔۔۔ہے۔

(الف) کان کا ڈاکٹر (ب) آنتوں کا ڈاکٹر (ج) دانتوں کا ڈاکٹر (د) دماغ کا ڈاکٹر

سوال نمبر21: طبیب القلب کا معنی۔۔۔ہے۔

(الف) دل کا ڈاکٹر (ب) دماغ کا ڈاکٹر (ج) گردے کا ڈاکٹر (د) دانتوں کا ڈاکٹر

سوال نمبر22: سائقاً کا معنی۔۔۔ہے۔

(الف) مستری (ب) ڈرائیور (ج) افسر (د) وکیل

سوال نمبر23: مزارع کا معنی۔۔۔ہے۔

(الف) موچی (ب) کاشت کار (ج) سبزی بیچنے والا (د) پھل فروش

سوال نمبر24: بَطِئٌ کا معنی ہے۔

(الف) چست (ب) موٹا (ج) دبلا (د) سست

سوال نمبر25: عاطل کا معنی ہے۔

(الف) بے روزگار (ب) ذہین (ج) فارغ (د) چھٹی کرنے والا

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ:عامہ دوم　　پرچہ:ساتواں　　مضمون:اللغۃ العربیۃ

تاریخ:20-02-2024　　دن:منگل　　کل وقت:2گھنٹے30منٹ　　کل نمبر:75

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)**

سوال نمبر1: کوئی تین مہینوں کے عربی میں نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: ما اسمها؟ عربی میں جواب دیں۔

سوال نمبر3: تشرّفت زینب بمعرفتک؟ اردو ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر4: سعدنا بلقائک یا استاذی۔ اردو ترجمہ کیجئے

سوال نمبر5: جملہ اسمیہ سے فعلیہ میں تبدیل کیجئے۔ خالد یذهب　　انا ارجعُ　　فاطمة تعود الی البیت

سوال نمبر6: جملہ میں موجود فعل، فاعل اور حال کو مؤنث میں تبدیل کیجئے۔　　یعمل زیدٌ مصوراً

سوال نمبر7: مثبت جملہ کو ماضی منفی جملہ میں تبدیل کیجئے۔ یعمل احمد صیدلیا　　تعمل عائشة مدرسة

سوال نمبر8: هل انت امریکیٌ؟ عربی میں جواب دیں۔

سوال نمبر9: هل انت تلمیذة؟ عربی میں جواب دیں۔

سوال نمبر10: فی ای صف تدرس؟ عربی میں جواب دیں۔

سوال نمبر11: یستعد خالد بالامتحان؟ فعل مضارع کو فعل ماضی سے تبدیل کیجئے۔

سوال نمبر12: یُراجع الدرس۔ فعل مضارع کو فعل امر حاضر سے تبدیل کیجئے۔

سوال نمبر13: الالة الحاسبة۔ عربی میں جملہ بنائیے۔

سوال نمبر14: عربی میں کوئی تین مشروبات کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر15: هل تریدون ان تشربو شیئاً؟ عربی میں جواب دیجئے۔

سوال نمبر16: مفرد کے تثنیہ اور جمع بنائیے۔ رَفٌّ صغیر وسادةٌ جمیلة　　مِقَصٌّ سریعٌ

سوال نمبر17: درج ذیل کلمات کے جملہ اسمیہ بنائیے۔ رف = صغیر　　صابون = مبیض　　طاولة = صغیرة

سوال نمبر18: عربی بنائیے۔ کچن　　الماری　　گلاس

سوال نمبر19: روزمرہ زندگی سے متعلق عربی میں کوئی 3 کام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر20: درج ذیل کلمات کے ذریعے جملہ فعلیہ ناقصہ بنائیے۔ زینبٌ نائمةٌ　　ریانٌ نائمٌ　　اختك نائمةٌ

## طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: 10 لائنوں پر مشتمل عربی میں آپس میں تعارف کا مکالمہ تحریر کیجئے۔ (یا) مدرسہ سے متعلق 10 لائنوں پر مشتمل مکالمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: گھر سے متعلق 10 چیزوں کے عربی میں نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: عربی میں 5 ملکوں کے نام اردو ترجمہ کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: اردو ترجمہ کیجئے: "اتناول الغداء ثم استریح قلیلا وفی المساء اشاهد قناة مدنی او ازور اصدقائی او اتسوق ثم اتناول العشاء واراجع دروسی واحل الواجبات المدرسیة ثم اعود الی فراشی مبکرا"

سوال نمبر5: درج ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

میں اسپینی ہوں　　میں عربی سیکھ رہا ہوں　　خالد جامعہ کا ناظم ہے

میں سبق یاد کر رہا ہوں　　کیا آپ کو بھوک لگی ہے؟

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اعمال کا دارومدار۔۔۔پر ہے۔

(الف) نیتوں (ب) مالوں (ج) بدنوں (د) زبانوں

سوال نمبر 2: حدیث کے صحیح ہونے کا تعلق۔۔۔کے ساتھ ہے۔

(الف) متن (ب) سَنَد (ج) سَند و متن (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: اِسلام کی تعلیمات۔۔۔موضوعات پر مشتمل ہیں۔

(الف) 02 (ب) 03 (ج) 04 (د) 05

سوال نمبر 4: نماز قائم کرنا۔۔۔عبادت ہے۔

(الف) مالی (ب) بَدَنی (ج) مالی اور بَدَنی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: دِین۔۔۔کا نام ہے۔

(الف) حکمرانی (ب) خیر خواہی (ج) خلافت (د) جذبات

سوال نمبر 6: حدیث مبارکہ کے مطابق: حرام کھانے والے کی۔۔۔قبول نہیں ہوتی۔

(الف) نماز (ب) عبادت (ج) زکوۃ (د) دُعا

سوال نمبر 7: مسلمان کا قتل۔۔۔صورتوں میں جائز ہے۔

(الف) 02 (ب) 03 (ج) 04 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: برہنہ پاؤں، برہنہ جسم، غریب اور بکریاں چرانے والے ایک دوسرے کے مقابلے میں بلند عمارتیں بنائیں گے یہ نشانی ہے۔

(الف) کثرت مال کی (ب) نیکی کی (ج) گناہ کی (د) قیامت کی

سوال نمبر 9: ہر شخص کے تخلیقی مادے کو اسکی ماں کے پیٹ میں۔۔۔دِن تک نطفے کی شکل میں رکھا جاتا ہے۔

(الف) 40 (ب) 50 (ج) 60 (د) 70

سوال نمبر 10: نبی اکرم ﷺ نے۔۔۔کے عہد کو خیر القرون قرار دیا ہے۔

(الف) صحابہ کرام (ب) تابعین (ج) صحابہ کرام اور تابعین (د) تبع تابعین

سوال نمبر 11: جو شخص مشتبہ اُمور سے پرہیز کرے گا وہ اپنے۔۔۔کو محفوظ کرلے گا۔

(الف) دِین و دنیا (ب) عزت و شہرت (ج) دِین و عزت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: لفظی اعتبار سے۔۔۔اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کا گھر انسان کے گھر کے ساتھ ہوتا ہے۔

(الف) پردیسی (ب) پڑوسی (ج) دوست (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: تم میں سے کوئی شخص بُرائی کو دیکھے تو سب سے پہلے اُسے۔۔۔کے ذریعے ختم کرے۔

(الف)زبان (ب) قلم (ج)ہاتھ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: علم حدیث کے موضوع پر تصنیف کی جانے والی کتابوں میں تکنیکی اعتبار سے سب سے زیادہ مستند ہیں۔

(الف)اربعین (ب) معجم (ج) مستدرک (د) صحیح

سوال نمبر15:۔۔۔بنیادی طور پر مالی عبادت ہے۔

(الف) نماز (ب) زکوۃ (ج) حج (د) روزہ

سوال نمبر16: سابقہ انبیائے کرام پر نازل ہونے والی کتابوں کو اللہ تعالی کی طرف سے نازل شدہ تسلیم کیا جائے اسکا تعلق۔۔۔پر ایمان رکھنے سے ہے۔

(الف)فرشتوں (ب) رسولوں (ج)کتابوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: انسان کی مُعاشرتی زندگی کا دارومدار۔۔۔پر ہے۔

(الف) باہمی تعلقات (ب) باہمی رضامندی (ج) باہمی امداد (د) باہمی لین دین

سوال نمبر18: "من کان یؤمن باللہ والیوم الأخر فلیکرم جارہٗ "عبارت مقدسہ کے جُز "جارہٗ"کا معنٰی ہے۔

(الف)اس کا رشتہ دار (ب)اس کا پڑوسی (ج)اسکا دوست (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: کسی شخص کی جان کے بدلے قاتل کی جان لینا۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف)دیت (ب) قصاص (ج) جرم (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20:۔۔۔کو قتل کرنا جائز ہے۔

(الف)شادی شدہ زانی (ب)چوری کرنے والے (ج) سود لینے والے (د)شراب پینے والے

سوال نمبر21: عقائد کا تعلق۔۔۔سے ہے۔

(الف) نظریات (ب) تصورات (ج) فکریات (د) عبادت

سوال نمبر22: تم سے پہلے لوگ انبیائے کرام علیہم السلام سے۔۔۔کی وجہ سے ہلاکت کا شِکار ہوئے تھے۔

(الف)بُغض (ب) سوالات (ج) محبت (د)اطاعت

سوال نمبر23: اپنے دین کو ترک کرکے مسلمانوں کی جماعت سے الگ ہونے والا۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف) فاسِق (ب) زانی (ج) مرتد (د) قاتِل

سوال نمبر24: "نصیحت" لفظ "نصح" سے ماخوذ ہے جس کا مطلب ہے۔

(الف) کسی چیز کو خالص کرنا (ب) کسی چیز کو اُٹھانا (ج) کسی چیز کو گرانا (د) کسی چیز کو دینا

سوال نمبر25:۔۔۔نے زکوۃ کی ادائیگی سے اِنکار کرنے والوں کے خلاف جنگ کی۔

(الف) حضرت عمر (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت ابوبکر (د) حضرت علی

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ اول** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: ماں کے بطن میں فرشتے کو کسی انسان کے لیے کتنی اور کون کون سی باتیں لکھنے کا حکم دیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 2: کتابوں پر ایمان لانے کا مطلب بیان کیجئے؟

سوال نمبر 3: اسلام کی بنیاد کتنی اور کون کون سی چیزوں پر رکھی گئی ہے؟

سوال نمبر 4: حج کون سی عبادت ہے اور اس کا بنیادی فلسفہ کیا ہے؟

سوال نمبر 5: اسلام میں آمدنی کے حصول کے منفی ذرائع میں سے کوئی 03 بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: زنا اور قتل کی سزا میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 7: انسان کے اندر حیاء کب ختم ہو جاتی ہے؟

سوال نمبر 8: استقامت کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 9: قرآن کو انسان کے حق میں یا اس کے خلاف حُجّت قرار دیا گیا ہے عبارتِ مذکورہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10: ہدایت کون سی نعمت ہے اور یہ کیسے حاصل ہوتی ہے؟

سوال نمبر 11: قال رسول اللہ ﷺ: "انّ ممّا ادرک الناس من کلام النبوۃ الاولٰی اذا لم تستح فاصنع ماشئت" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 12: دین کی بنیاد، اسکا ستون اور اس کا بلند ترین حصّہ کیا ہے؟

سوال نمبر 13: نماز کو نور قرار دینے کی وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: جہاد کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: اللہ تعالیٰ اور لوگوں کا محبوب بندہ بننے کا نُسخہ حدیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: بھائی چارگی کے ضمن میں کون کون سی باتوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ کوئی 03 بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: قرآن مجید اور دینی عُلوم کی درس وتدریس کی کوئی 03 فضیلتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: فقال رسول اللہ ﷺ: "کُن فی الدنیا کانّک غریب او عابر سبیل" حدیث مذکورہ کا مرکزی مضمون کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: حدیث شریف میں برائی کو دِل میں بُرا جاننا ایمان کا سب سے کمزور ترین درجہ کیوں فرمایا گیا؟ وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: "بُنِیَ" نحوی تحقیق کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: عن حسن بن علي قال: حفظت من رسول اللہ ﷺ "دَع مَا یریبک اِلٰی مَا لا یُریبک" ترجمہ کریں، نیز حدیث مذکورہ سے اِشارۃً کیا بات ثابت ہوتی ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رجلًا قال للنبي ﷺ: أوصني قال: "لا تَغْضَبْ فردَّدَ مِرارًا قال لا تَغْضَبْ"

(الف) "لا تَغْضَبْ" فرمانے کی وجہ بیان کیجئے۔ (ب) کون سا غضب درست اور کون سا غضب منع ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کسی دو عنوانات کی وضاحت کیجئے۔

(1) اللہ عزوجل پر ایمان کا مطلب (2) رسولوں پر ایمان کا مطلب (3) فرشتوں پر ایمان کا مطلب

سوال نمبر 4: (الف) عن النبي ﷺ قال: "البرّ حسن الخلق والإثم ما حاک في نفسک وکرهت أن یطلع علیه الناس"

(ب) نیکی اور گناہ کی پہچان کیسے شخص کے لئے ہے نیز "کَرِہت" کی نحوی تحقیق کیجئے؟

سوال نمبر 5: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: "لا تحاسدوا، ولا تناجشوا، ولا تباغضوا، ولا تدابروا"

(الف) اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجئے۔ (ب) خط کشیدہ میں سے کسی دو کی وضاحت کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالبہ: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** پرچہ: **ساتواں** مضمون: **التصوف**

تاریخ: **20-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتشہ: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: جو اپنے مال میں بخل کرے اسے ۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) کنجوس (ب) شیخ (ج) متکبر (د) ثمانت

سوال نمبر 2: شہرت کی خواہش ۔۔۔۔ عمل ہے۔

(الف) محبوب (ب) مذموم (ج) ضروری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: حسد کرتے ہوئے ۔۔۔۔ نے حضور ﷺ کی رسالت کا انکار کیا۔

(الف) عیسائی (ب) نصاریٰ (ج) یہود (د) کافر

سوال نمبر 4: منافست لغت میں ۔۔۔۔ سے مشتق ہے۔

(الف) نَفَاسَتْ (ب) نِفَاسَتْ (ج) نفسوس (د) نفس

سوال نمبر 5: اگر نعمت ایسی ہو جس سے فائدہ اٹھانا جائز ہو تو رشک ۔۔۔۔ ہے۔

(الف) مستحب (ب) مکروہ (ج) جائز (د) مباح

سوال نمبر 6: حسد کا سب سے سخت سبب ۔۔۔۔ ہے۔

(الف) دشمنی (ب) تکبر (ج) تعجب (د) تعزز

سوال نمبر 7: خود پر دوسرے کی برتری کو برداشت نہ کرنا ۔۔۔۔ ہے۔

(الف) تعزز (ب) ثمانت (ج) تکبر (د) تعجب

سوال نمبر 8: ربوبیت کے معنی ۔۔۔۔ ہے۔

(الف) کمال میں منفرد (ب) روشنی (ج) تصور (د) موجودہ اشیاء

سوال نمبر 9: حسد کا دینی ضرر ۔۔۔۔ ہے۔

(الف) اللہ کی ناراضی (ب) کچھ نہیں (ج) ایمان کی بربادی (د) نفرت

سوال نمبر 10: مال و جاہ کی محبت کے ۔۔۔۔ اسباب ہیں۔

(الف) 3 (ب) 2 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 11: دینی نعمت جو واجب ہو اس پر رشک ۔۔۔۔ ہے۔

(الف) واجب (ب) مکروہ (ج) مباح (د) مستحب

سوال نمبر 12: قیامت کے دن ریاکار کو ۔۔۔۔ ناموں سے بلایا جائے گا۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 4 (د) 2

سوال نمبر13: پوشیدہ عمل کی فضیلت اعلانیہ عمل پر۔۔۔گنا زیادہ ہے۔

(الف)10 (ب)30 (ج)60 (د)70

سوال نمبر14: جب الحزن وادی۔۔۔۔میں ہے۔

(الف)دنیا (ب)جنت (ج)جہنم (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: عبادت کو مال وجاہ کا ذریعہ بنانا۔۔۔۔ہے۔

(الف)مستحب (ب)مباح (ج)عبادت (د)حرام

سوال نمبر16: علت، قلّت، ذلت سے۔۔۔۔خالی نہیں ہوتا۔

(الف)یہودی (ب)مومن (ج)عیسائی (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: اپنی تعریف پر خوش ہونے والا شیطان کو اپنے۔۔۔۔میں داخل کرلیتا ہے۔

(الف)دل (ب)دماغ (ج)پیٹ (د)روح

سوال نمبر18: جنگ۔۔۔۔میں حضور ﷺ کے دندان مبارک شہید ہوئے۔

(الف)احد (ب)بدر (ج)احزاب (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: ریاکاری۔۔۔۔ہے۔

(الف)جائز (ب)حرام (ج)مستحب (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر20: ۔۔۔۔کسی سے حسد نہیں کرتے۔

(الف)عارفین (ب)مسلمان (ج)کفار (د)یہود و نصاریٰ

سوال نمبر21: حسد۔۔۔۔کی صفت ہے۔

(الف)دل (ب)دماغ (ج)جسم (د)روح

سوال نمبر22: شرک اصغر۔۔۔۔کو کہتے ہیں۔

(الف)تکبر (ب)ریا (ج)جھوٹ (د)غیبت

سوال نمبر23: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف)تکبر (ب)غیبت (ج)شماتت (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر24: دل کا مالک ہونا۔۔۔۔کے مالک ہونے سے بڑا رتبہ رکھتا ہے۔

(الف)جان (ب)اولاد (ج)مال (د)خون

سوال نمبر25: حسد کے۔۔۔۔درجات ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)1

## حصہ انشائیہ

### مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ: کل15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)**

سوال نمبر1: ریاکاری کو دور کرنے والے امور تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: کسب افضل ہے یا ذکر الٰہی؟

سوال نمبر3: حسد اور رشک کے اسباب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: حب جاہ کی مذمت پر دو احادیث مبارکہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: معلومات کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر6: بزرگان دین کا اپنی تعریف کو ناپسند کرنے کی کیا وجہ ہے؟

سوال نمبر7: عبادت کے ذریعے ریاکاری کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

سوال نمبر8: اگر دوران نماز ریاکاری پر نادم ہو کر معافی کا طالب ہو تو نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر9: طالب جاہ کی منزلت کے کتنے اور کونسے اوصاف ہیں؟

سوال نمبر10: علم اور مال میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر11: ریاکاری کے متعلق 2 فرامین بزرگان دین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر12: تکبر کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر13: حسد کا دینی ضرر کیا ہے؟

سوال نمبر14: خوف خدا سے رونا کب ریاکاری ہے اور کب نہیں؟

سوال نمبر15: مذمت کرنے والے کی کتنی اور کون سی حالتیں ہیں؟

سوال نمبر16: لوگوں کی ضرورت پوری کرنے والا کیا امید رکھے؟

سوال نمبر17: عمل سے پہلے، عمل کے دوران اور عمل کے بعد مرید پر کیا کیا امور ضروری ہیں؟

سوال نمبر18: شہرت کے متعلق 3 اقوال بزرگان دین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر19: عمل ظاہر کرنے کی کتنی اور کونسی صورتیں ہیں؟ صورتوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر20: واعظ کی تعریف تحریر کیجئے۔

### طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ: کل03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: حسد کے کتنے اور کونسے اسباب ہیں؟ تمام اسباب کی مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر2: کون سی چیزوں کے ذریعے ریاکاری ہوتی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر3: قابل تعریف خوشی کتنی اور کونسی ہے؟

سوال نمبر4: گناہ چھپانے کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

سوال نمبر5: مدح کو پسند کرنے اور مذمت کو ناپسند کرنے کے اسباب تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالبہ: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ اول** پرچہ: **آٹھواں** مضمون: **علم الطبیعۃ+التربیۃ المدنیۃ (سندھ)**

تاریخ: **21-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتشہ: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: نظریہ پاکستان کی اساس۔۔۔۔پر ہے۔

(الف) آئین (ب) زبان (ج) اسلام (د) قومیت

سوال نمبر 2: قائداعظم نے فرمایا کہ۔۔۔۔اور۔۔۔۔دو مختلف معاشرتی نظام ہیں۔

(الف) ہندومت اور اسلام (ب) ہندومت اور نصرانیت (ج) ہندومت اور انگریز (د) یہودیت اور نصرانیت

سوال نمبر 3: مسلم لیگ۔۔۔۔میں قائم ہوئی۔

(الف) 1904ء (ب) 1905ء (ج) 1906ء (د) 1907ء

سوال نمبر 4: پاکستان رمضان کی۔۔۔۔تاریخ کو وجود میں آیا۔

(الف) 24 (ب) 25 (ج) 26 (د) 27

سوال نمبر 5: اقتدار مسلمانوں کے پاس۔۔۔۔ہے۔

(الف) اللہ کی امانت (ب) وعدہ (ج) عہدہ (د) انصاف

سوال نمبر 6: بلوچستان میں مسلم لیگ۔۔۔۔نے قائم کی۔

(الف) لیاقت علی (ب) ڈاکٹر اقبال (ج) چوہدری رحمت علی (د) قاضی محمد عیسیٰ

سوال نمبر 7: قوانین و قواعد و ضوابط کے مجموعے کو۔۔۔۔کہا جاتا ہے۔

(الف) آئین (ب) دستور (ج) آئین یا دستور دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: ۔۔۔۔میں سندھ علیحدہ صوبہ بن گیا۔

(الف) 1935ء (ب) 1936ء (ج) 1937ء (د) 1938ء

سوال نمبر 9: ۔۔۔۔کے آئین میں پاکستان کو اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا۔

(الف) 1962ء (ب) 1956ء (ج) 1971ء (د) 1973ء

سوال نمبر 10: مسلم لیگ کا ہدف۔۔۔۔کے حقوق کے تحفظ کے لئے مناسب اقدام اٹھانا ہے۔

(الف) بچوں (ب) عورتوں (ج) قوم (د) برصغیر کے مسلمانوں

سوال نمبر 11: علامہ اقبال نے۔۔۔۔کے مقام پر 1930 میں اپنے صدارتی خطبے میں نظریہ پاکستان کے بارے میں بیان دیا۔

(الف) الہ آباد (ب) سندھ (ج) مٹو پارک (د) اسلام آباد

سوال نمبر 12: شاہ ولی اللہ کا اصل نام۔۔۔۔تھا۔

(الف) احمد (ب) حامد (ج) قطب الدین (د) محمود

سوال نمبر 13: سائنس وہ علم ہے جس کی بنیاد۔۔۔۔پر ہے۔ 13.Science is thought to be the knowledge based on.

(الف) نظریات (ب) پیش گوئیاں (ج) بڑے تصورات (د) مشاہدات

(a)Observation (b)Big Ideas (c) Prediction (d)Assumption

سوال نمبر 14: کتاب "القانون" مسلم سائنسدان کی تحریر کردہ ہے۔ جس کا نام ہے۔ 14.The Book Al-Qanoon is written by a Muslim Scientist named.

(الف) البیرون (ب) الرازی (ج) ابن الہیثم (د) بو علی سینا

سوال نمبر15: ٹیکنالوجی اس کے سوا کچھ نہیں۔

15.Technology is nothing but.

(الف)انسانی تجربہ (ب)سائنسی علم کی صورت (ج)زندگی کا طریقہ (د)علم

(a)Knowledge (b)Way of Life (c)Application of Scientific (d)Technology Is Nothing

سوال نمبر16: فزکس میں نوبل انعام۔۔۔۔ کو دیا گیا۔

16._____Was awarded noble prize in physics.

(الف)ڈاکٹر عبدالسلام (ب)ڈاکٹر عبدالقدیر خان (ج)ابن الہیثم (د)جابر بن حیان

(a)Jabir Bin Hayan (b)Ibnul Hatham (c)Dr.Abdul Qadeer Khan (d)Abdul Salam

سوال نمبر17: تنفس کا عمل۔۔۔۔ عمل ہے۔

17.Respiration as a process of_____.

(الف)میٹابولزم (ب)تخریبی عمل (ج)تعمیری عمل (د)ان میں سے کوئی نہیں

(a)Meta Bolism (b)Cata Bolic (c)Ana Bolic (d)None of These

سوال نمبر18:۔۔۔۔ منتخب بیکٹیریا کو مارتا ہے۔

18._____Kills selective bacteria.

(الف)پروٹین (ب)ویکسینز (ج)اینٹی بائیوٹ (د)لپڈز

(a)Lipids (b)Antibiotic (c)Vaccines (d)Protain

سوال نمبر19: کونسی نامیاتی خوراک نہیں ہے؟

19.Which one is not organic food.

(الف)پروٹین (ب)کاربوہائیڈریٹس (ج)لپڈز (د)معدنیات

(a)Minerals (b)Lipids (c)Carbohydrates (d)Proteins

سوال نمبر20: ایک جانور کے جسم میں توانائی پیدا ہوتی ہے جب غذا کے ساتھ عمل کرتی ہے۔

20.Energy is released in an animal body, When food react with.

(الف)آکسیجن (ب)کاربن ڈائی آکسائیڈ (ج)خون (د)ہاضمہ کی رطوبت

(a)Digestive Juices (b)$Co_2$ (c)Blood (d)Oxygen

سوال نمبر21: ایک عام انسان کا جسم کتنا خون رکھتا ہے۔

21.How much blood an average human body contains?

(الف)تقریباً ایک لیٹر (ب)تقریباً پانچ لیٹر (ج)تقریباً دس لیٹر (د)تقریباً پندرہ لیٹر

(a)About Fifteen Litters (b)About Ten Litters (c)About Five Litters (d)About One Litter

سوال نمبر22:۔۔۔۔ امینوایسڈ سے بنے ہوئے بڑے مالیکیول ہیں۔

22._____are the macromolecules formed of amino-aids.

(الف)پروٹین (ب)لپڈز (ج)کاربوہائیڈریٹس (د)ان میں سے کوئی نہیں

(a)None OF These (b)Carbohydrates (c)Lipids (d)Protein

سوال نمبر23: میٹابولزم کی۔۔۔۔ نمایاں حالتیں ہیں۔

23.Metabolism has_____distinet phases.

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

(a)5 (b)4 (c)3 (d)2

سوال نمبر24:۔۔۔۔ لحمیات ہیں جو عمل انگیز کے طور پر کام کرتے ہیں۔

24._____are proteins that act as catalyst.

(الف)خون (ب)خانرے (ج)پلازمہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

(a)None of These (b)Plasma (c)Enzymes (d)Blood

سوال نمبر25: روشنی (بصریات) پر ابتدائی نمایاں اور شاندار کام کیا۔

25.The initial remarkable work on opities was done by.

(الف)البیرونی (ب)ابن الہیثم (ج)جابر بن حیان (د)محمد بن زکریا الرازی

(a)Muhammad Bin Zakria (b)Jabir Bin Hayan (c)Ibn-ul-Haitham (d)Al-Baroni

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عامہ اول　　پرچہ: آٹھواں　　مضمون: علم الطبیعۃ+التربیۃ المدنیۃ (سندھ)

تاریخ: 12-02-2024　　دن: بدھ　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 9 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (9x5=45)**

سوال نمبر 1: نظریے کے ماخذ ہوتے ہیں؟ فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: 1973ء کے آئین کے کوئی پانچ نکات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: کسی ملک کے لئے آئین یا دستور کیوں ضروری ہیں؟

سوال نمبر 4: جنگلات کے کیا فائدے ہیں؟ کوئی چار فائدے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: پاکستان کے معدنی وسائل کے نام بتایئے۔

سوال نمبر 6: کوئی زبان ثقافت کا اہم حصہ کیوں ہے؟

سوال نمبر 7: فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 8: ٹیکنالوجی کیا ہے؟

08. What is technology?

سوال نمبر 9: کسی ایک مسلم سائنسدان کی خدمات تحریر کیجئے۔

09. Describe the contributions of any 1 Muslim Scientist?

سوال نمبر 10: ضیائی تالیف اور عمل تنفس میں فرق بیان کیجئے اور وہ کس قسم کے میٹابولک عمل ہیں؟

10. Defferentiate between photosynthesis and respiration What sort of metabolic reaction are they?

سوال نمبر 11: لیوکوسائٹس کیا ہیں اور وہ کس طرح جسم کا دفاع کرتے ہیں؟

11. What are leucocytes? How do they defend the body?

سوال نمبر 12: غذا کی تعریف کیجئے۔

12. Define food.

سوال نمبر 13: کوئی سی دو اصطلاحات کی وضاحت کیجئے۔

13. Explain the following terms. (any 2)

(i) روغنیات (Lipids)　　(ii) اعصابی نظام (Nervous system)　　(iii) ہارمونز (Harmons)

سوال نمبر 14: بیکٹیریا کیا ہیں اور وہ کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟

14. What are bacteria? Where are they found?

سوال نمبر 15: اعصابی خلل اور ذہنی مرض کیا ہیں؟

15. What is neurosis and psychosis?

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: مشرقی پاکستان مغربی پاکستان سے کیوں علیحدہ ہوا؟

سوال نمبر 2: بحیثیت قومی زبان اردو کی اہمیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: فلاحی ریاست میں فرد کا کیا کردار ہوتا ہے؟

سوال نمبر 4: میٹابولزم اور اس کی اقسام بیان کیجئے اور اس کی کیا اہمیت ہے؟

4. Define metabolism and its types What is its importance?

سوال نمبر 5: بیماری کیا ہے کون سے اہم ذرائع بیماری پھیلانے کے ذمہ دار ہیں نیز ان جانداروں کے نام بتایئے جو بیماریاں پھیلانے کے ذمہ دار ہیں۔

5. what is a desire? What important tactors are responsible for the spread of a disease? Name the group of living organisms responsible for spread of diseases?

رول نمبر: _____

دستخط طالبہ: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث (مؤطا الإمام محمد)**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتشہ: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: امام محمد علیہ الرحمۃ۔۔۔ ہیں۔

(الف) ابن شہاب زہری (ب) ابن الحسین (ج) ابن الحسن (د) ابن انس

سوال نمبر 2: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اوقات صلوٰۃ بتانے میں نماز۔۔۔ سے ابتدا کی۔

(الف) فجر (ب) مغرب (ج) ظہر (د) عشاء

سوال نمبر 3: "اذا کان ظلک مثلیک" سے۔۔۔ کا وقت ابتدا ثابت ہو رہا ہے۔

(الف) نماز ظہر (ب) نماز مغرب (ج) نماز عشاء (د) نماز عصر

سوال نمبر 4: اسفار سے مراد ہے۔

(الف) سردی (ب) گرمی (ج) اندھیرا (د) روشنی

سوال نمبر 5: قُبا۔۔۔ کا نام ہے۔

(الف) محل (ب) جگہ (ج) گھوڑے (د) تلوار

سوال نمبر 6: بیضاء نقیۃ کا معنی ہے۔

(الف) سفید اور صاف (ب) ہلکا اندھیرا (ج) گدلا پن (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: سری نمازیں۔۔۔ ہیں۔

(الف) تین (ب) دو (ج) کوئی نہیں (د) ساری نمازیں

سوال نمبر 8: "صفرۃ" کے معنی ہیں۔

(الف) سفیدی (ب) زردی (ج) سیاہی (د) سرخی

سوال نمبر 9: ۔۔۔ کے نزدیک امام کے پیچھے قراءت کرنا مطلقا منع ہے۔

(الف) امام بخاری (ب) امام مسلم (ج) امام اعظم ابو حنیفہ (د) امام شافعی

سوال نمبر 10: نماز عشاء۔۔۔ نمازوں سے ہے۔

(الف) سری (ب) جہری (ج) منفرد کے لئے سری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: خداج کے معنی۔۔۔ ہیں

(الف) نامکمل (ب) مکمل (ج) کامل (د) اکمل

سوال نمبر 12: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نماز میں مقتدی کی قراءت کے۔۔۔

(الف) قائل ہیں (ب) قائل نہیں ہیں (ج) دونوں صورتوں کی اجازت (د) امام کی اجازت پر منحصر ہے۔

سوال نمبر13:جب بندہ **الحمدللہ رب العالمین** کہتا ہے تو اللہ فرماتا ہے اس نے میری۔۔۔

(الف) حمد بیان کی (ب) ثنا بیان کی (ج) عظمت بیان کی (د) بڑائی بیان کی

سوال نمبر14: نماز اللہ عزوجل اور۔۔۔کے درمیان منقسم ہے۔

(الف) فرشتے (ب) مخلوق (ج) بندے (د) جنات

سوال نمبر15: اعضّ کے معنی ہیں۔

(الف) سونا (ب) انگارہ (ج) پتھر (د) چبانا

سوال نمبر16: نماز خوف میں پہلا گروہ واپس آ کر اپنی نماز۔۔۔ مکمل کرے گا۔

(الف) امام کے ساتھ (ب) امام کے بغیر (ج) قراءت کے بغیر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: **جمرۃ** کے معنی ہیں۔

(الف) قیمتی پتھر (ب) انگارہ (ج) درخت (د) ستارے

سوال نمبر18: ابواب۔۔۔ کی جمع ہے۔

(الف) بواب (ب) بابی (ج) بویب (د) بابٌ

سوال نمبر19: جنائز۔۔۔ ہے۔

(الف) واحد (ب) جمع (ج) مونث (د) معرفہ

سوال نمبر20: وقتِ وصال حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی موجود زوجہ کا نام۔۔۔ ہے۔

(الف) حضرت اسماء (ب) حضرت عاتکہ (ج) ھندہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: **یوم شدید البرد** کے معنی ہیں۔

(الف) گرمی کا دن (ب) بارش کا دن (ج) سخت سردی کا دن (د) خزاں کا دن

سوال نمبر22: بعدِ انتقال عورت کا اپنے شوہر کو غسل دینا۔۔۔ ہے۔

(الف) واجب (ب) جائز (ج) منع (د) ناجائز

سوال نمبر23: میت کو غسل دینے والے پر وضو کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) مستحب (د) منع

سوال نمبر24: مرد میت کے کفن کے کپڑوں میں قمیص، ازار اور۔۔۔ ہوتے ہیں۔

(الف) اوڑھنی (ب) سینہ بند (ج) لفافہ (د) تہبند

سوال نمبر25: **طائفتین** کے معنی ہیں۔

(الف) دو لوگ (ب) دو گروہ (ج) کئی گروہ (د) ایک گروہ

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عالمیہ اول　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: الحدیث (مؤطا الإمام محمد)

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: قال محمد رحمہ اللہ: "هذا قول ابی حنیفة فی وقت العصر و کان یری الاسفار فی الفجر" اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 2: نماز عصر اور فجر کا مستحب وقت عند الاحناف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "ان رسول اللہ ﷺ کان یصلی العصر و الشمس فی حجرتها قبل ان تظهر" ترجمہ تحریر کیجئے اور یہ کس امام کے مؤقف کی دلیل ہے؟

سوال نمبر 4: امام مالک علیہ الرحمۃ کے نزدیک نماز خوف کا طریقہ کیا ہے؟ مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: نماز عصر کی وجہ تسمیہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: سری و جھری نمازوں کے نام تحریر کیجئے نیز امام کے پیچھے قراءت کرنے میں مقتدی کے لئے کیا حکم ہے؟ مؤقف احناف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: "ان اباهریرة رضی اللہ عنه قال: "اسرعوا بجنائزکم فانما هو خیر تقدمونه او شر تلقونه عن رقابکم" ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: جنازے کے آگے اور پیچھے چلنے کے حوالے سے امام اعظم علیہ الرحمہ کا قول نقل کیجئے۔

سوال نمبر 9: "المیت لا یتبع بنار بعد موته او مجمرة فی جنازته" اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 10: نماز جنازہ پڑھنے والے کی طہارت کے حوالے سے امام محمد علیہ الرحمہ کا کیا مؤقف ہے؟

سوال نمبر 11: "ان رسول اللہ ﷺ نعی النجاشی فی الیوم الذی مات فیه" ترجمہ تحریر کرتے ہوئے بتایئے کہ نجاشی کون تھا؟

سوال نمبر 12: حدیث شریف میں "الکنز" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 13: "ان ابن عمر رضی اللہ عنهما کان یبعث بزکاة الفطر الی الذی تجمع عنده قبل الفطر بیومین او ثلاثة" ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: حضور ﷺ نے کون سا حج ادا فرمایا؟ نیز حج کی اقسام کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: یوم النحر، ثائر الراس اور یوم ترویہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 16: حج افراد اور دیگر اقسام حج میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 17: "الصلوة علی المیت بعد ما یدفن" سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: عن ابن عمر رضی اللہ عنهما انه قال: "لا تبکوا علی موتاکم فان المیت یعذب ببکاء اهله علیه" ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: حدیث کی روشنی میں بتائیں کہ حضور ﷺ نے قبروں کو مسجد بنانے کے سبب کون سی قوم پر لعنت فرمائی اور مسجد بنانے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: حضور ﷺ کے ساتھ حج کرنے والے صحابہ علیہم الرضوان نے کون کون سے احرام کی نیت فرمائی تھی؟ وضاحت کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ان ابن عمر رضی اللہ عنهما کان اذا سئل عن صلاة الخوف قال: "ینقدم الامام و طائفة من الناس فیصلی لهم"
اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے نیز صلاة الخوف کا مکمل طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "الصلاة علی الجنازة فی المسجد" کی مختلف صورتیں تحریر کرتے ہوئے اس کا حکم مع دلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: نماز جنازہ کی تکبیرات کی تعداد عند الاحناف کتنی ہے اور اس بارے میں احناف کس صحابی کے قول کو اختیار کرتے ہیں؟
نیز غائبانہ نماز جنازہ کا حکم عند الاحناف تحریر کرتے ہوئے حضور ﷺ کے غائبانہ نماز جنازہ ادا فرمانے کا احناف نے جو جواب دیا ہے وہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: قال رسول اللہ: "لا ینکح المحرم و لا یخطب و لا ینکح"
اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے نیز "لا ینکح المحرم" کی وضاحت کرتے ہوئے احناف کا مؤقف مع دلیل قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 5: عن عبداللہ بن عمر ان عمر بن الخطاب قال: "افصِلوا بین حجکم و عمرتکم فانه اتم لحج احدکم و اتم لعمرته ان یعتمر فی غیر اشهر الحج"
ترجمہ کیجئے نیز "افصلوا بین حجکم و عمرتکم" کی وضاحت کرتے ہوئے اشهر الحج کے نام تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالبہ: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالیہ اول** پرچہ: **ساتواں** مضمون: **التاریخ**

تاریخ: **20-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتشہ: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حدیث شریف کے مطابق امام۔۔۔سے ہونے چاہییں۔

(الف) قریش (ب) ربیعہ (ج) مضر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: ۔۔۔اہل حبشہ میں رہے گی۔

(الف) حکومت (ب) قضاء (ج) اذان (د) خلافت

سوال نمبر 3: منقاد کا معنی۔۔۔ہے۔

(الف) سونا چاندی پرکھنے کی کسوٹی (ب) ہیرا پرکھنے کی کسوٹی (ج) موتی پرکھنے کی کسوٹی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: خلافت۔۔۔۔برس تک ہو گی۔

(الف) 10 (ب) 20 (ج) 30 (د) 40

سوال نمبر 5: ابوالفضل۔۔۔کی کنیت ہے۔

(الف) حضرت ابن عباس (ب) حضرت عباس (ج) حضرت عمر (د) حضرت ابن عمر

سوال نمبر 6: ۔۔۔سب سے پہلے امیر المؤمنین کے لقب سے ملقب ہوئے۔

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی

سوال نمبر 7: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔۔۔سال کی عمر میں وفات پائی۔

(الف) 61 (ب) 62 (ج) 63 (د) 64

سوال نمبر 8: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ عورتوں کو دو باتوں نے ہلاک کیا۔

(الف) ہیرا اور موتی (ب) سونا اور زعفران (ج) سونا اور ہیرا (د) زعفران اور موتی

سوال نمبر 9: ۔۔۔قضا میں فرد رہے۔

(الف) حضرت قاضی شریح (ب) حضرت امام ابو یوسف (ج) حضرت علی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: خاتم النبیین ﷺ نے۔۔۔کے لیے دعا فرمائی کہ انہیں مسلمان کرکے اسلام کو عزت دے۔

(الف) حضرت خالد بن ولید (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عباس (د) حضرت انس

سوال نمبر 11: حضرت عمر بن عبدالعزیز کا لقب۔۔۔تھا۔

(الف) امین الامۃ (ب) المعصوم باللہ (ج) حواری رسول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: ۔۔۔نے جمعہ کی پہلی اذان زیادہ کی۔

(الف) حضرت عمر (ب) حضرت علی (ج) حضرت امام حسین (د) حضرت عثمان غنی

سوال نمبر13:۔۔۔کو فاتحہ،واسطہ اور خاتمہ کہتے ہیں۔

(الف)بنو عباس (ب)بنو تمیم (ج)بنو کلب (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14:سورہ۔۔۔مطعمہ کہلاتی ہے۔

(الف)فاتحہ (ب)یٰسٓ (ج)رحمٰن (د)واقعہ

سوال نمبر15:بادشاہ عادل کو ہر رات اور دن میں ستر۔۔۔کا ثواب ملتا ہے۔

(الف)شہیدوں (ب)صدیقوں (ج)اولیاء (د)علماء

سوال نمبر16:سرکار ﷺ کے آسمانی وزیر۔۔۔ہیں۔

(الف)صرف حضرت جبرائیل (ب)صرف حضرت میکائیل (ج)دونوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17:قبل از اسلام مکہ میں خون بہا اور جرمانہ کا کام۔۔۔کے سپرد تھا۔

(الف)حضرت عمر (ب)حضرت ابو سفیان (ج)حضرت عباس (د)حضرت ابو بکر

سوال نمبر18:اہلسنت کا اس بات پر اجماع ہے کہ خاتم النبیین ﷺ کے بعد سب سے افضل۔۔۔ہیں۔

(الف)حضرت ابو بکر (ب)حضرت عمر (ج)حضرت عبداللہ بن مسعود (د)حضرت معاذ بن جبل

سوال نمبر19:حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما انبیاء و مرسلین کے سوا جنت کے تمام اولین و آخرین۔۔۔کے سردار ہوں گے۔

(الف)بچوں (ب)نوجوانوں (ج)ادھیڑ عمر لوگوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20:نیک خصلتیں۔۔۔ہیں۔

(الف)300 (ب)363 (ج)313 (د)360

سوال نمبر21:آقا کریم ﷺ کی وفاتِ ظاہری سن۔۔۔میں ہوئی۔

(الف)11 ہجری (ب)15 ہجری (ج)16 ہجری (د)18 ہجری

سوال نمبر22:حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔۔۔سال سات ماہ خلافت کی۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

سوال نمبر23:حضرت ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ۔۔۔میں فرد رہے۔

(الف)حدیث (ب)فقہ (ج)کلام (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24:۔۔۔فلسفہ میں فرد رہے۔

(الف)حریری (ب)ابو نصر فارابی (ج)ابن سینا (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25:اس امت میں۔۔۔خلیفہ ہوں گے جن پر تمام امت کا اجماع ہو گا۔

(الف)4 (ب)5 (ج)11 (د)12

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عالیہ اول　　پرچہ: ساتواں　　مضمون: التاریخ

تاریخ: 20-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: رسول اللہ ﷺ کے کسی کو واضح الفاظ میں خلیفہ مقرر نہ کرنے کی کیا حکمت ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: اولیاتِ حضرت عمر میں سے کوئی تین اولیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حدیث شریف میں قریش کی کیا خصوصیات بیان کی گئی ہیں؟

سوال نمبر 4: حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو صدیق کہنے کی وجہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: سرکار ﷺ نے اس امت کے کن دو گروہوں کے بارے میں فرمایا کہ وہ جنت میں داخل نہیں ہوں گے؟

سوال نمبر 6: نبی کریم ﷺ نے اپنی امت کے لیے دوزخ کی گرمی کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

سوال نمبر 7: کس خلیفہ راشد کے خط سے دریائے نیل ہمیشہ کے لیے جاری ہو گیا؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: خلیفۃ الرسول کس خلیفہ راشد کو کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 9: کسی 3 خلفاء کے نام مع لقب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: سَخاوت اور بخشش میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 11: مخالفین اسلام کے جواب میں سب سے پہلے کس نے کتابیں لکھنے کا حکم دیا؟

سوال نمبر 12: حضرت عثمان غنی کو ذوالنورین کہنے کی وجہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 13: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کن دو مواقع پر حضور ﷺ کی بشارت پر جنت خریدی؟

سوال نمبر 14: علم النحو کی بنیاد کس خلیفہ راشد نے رکھی؟

سوال نمبر 15: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سب سے بڑی وحشت اور سب سے بڑا کام کسے قرار دیا؟

سوال نمبر 16: حدیث شریف میں جوانانِ جنت کے سردار کن شخصیات کو فرمایا گیا ہے؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے مطابق فقہ اکبر سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: حضرت عمر بن عبدالعزیز کی مدّتِ خلافت کس خلیفہ راشد کی مدّتِ خلافت کے موافق رہی؟

سوال نمبر 19: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کیا رشتہ ہے؟

سوال نمبر 20: امت مرحومہ میں سب سے پہلے بادشاہ کون ہوئے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: خلافتِ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ میں پیش آنے والے درج ذیل واقعات میں سے کوئی دو جامع انداز میں تحریر کیجئے۔

منکرین زکوۃ سے سلوک　　منکرین ختم نبوت سے سلوک　　جمعِ قرآن

سوال نمبر 2: فضائل شیخین کریمین رضی اللہ عنہما احادیث مقدسہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کسی ایک شخصیت کے احوال جامع انداز میں سپرد قلم فرمائیے۔

حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ　　حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ

سوال نمبر 4: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے کوئی 10 خصائص و فضائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: بارہ خلفاء سے کون مراد ہیں؟ کسی دو اقوال کی روشنی میں وضاحت کیجئے۔

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: مسلم لیگ ۔۔۔ کو ڈھاکہ میں قائم ہوئی۔

(الف) 1906ء (ب) 1909ء (ج) 1913ء (د) 1916ء

سوال نمبر 2: قائداعظم نے چودہ نکات ۔۔۔ میں پیش کئے۔

(الف) 1925ء (ب) 1928ء (ج) 1929ء (د) 1930ء

سوال نمبر 3: قرارداد لاہور 23 مارچ 1940ء کو ۔۔۔ نے پیش کی۔

(الف) ڈاکٹر اقبال (ب) مولوی اے کے فضل الحق (ج) قائد پاکستان محمد علی جناح (د) مولانا محمد علی جوہر

سوال نمبر 4: قائداعظم کی اپیل پر 22 دسمبر 1939ء کو ۔۔۔ منایا گیا۔

(الف) یوم تشکر (ب) یوم سیاہ (ج) یوم نجات (د) یوم آزادی

سوال نمبر 5: کشمیریوں کا لگاؤ ۔۔۔ کے ساتھ تھا۔

(الف) پاکستان (ب) ہندوستان (ج) بنگال (د) انگریز

سوال نمبر 6: ۔۔۔ کی رُو سے ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔

(الف) 1973ء کے آئین (ب) 1962ء کے آئین (ج) 1956ء کے آئین (د) قرار مقاصد

سوال نمبر: 19567ء کے آئین کے تحت تمام ۔۔۔ کو یکساں حقوق دیئے گئے۔

(الف) بچوں (ب) عورتوں (ج) بوڑھوں (د) شہریوں

سوال نمبر 8: پاکستان کا قیام ۔۔۔ کی بنیاد پر عمل میں آیا تھا۔

(الف) زبان (ب) قومیت (ج) عصبیت (د) دو قومی نظریہ

سوال نمبر 9: ۔۔۔ میں نہرو رپورٹ منظرِ عام پر آئی۔

(الف) اگست 1927 (ب) اگست 1928 (ج) اگست 1929 (د) اگست 1930

سوال نمبر 10: ۔۔۔ کا خطبہ الٰہ آباد تحریک پاکستان میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

(الف) قائد پاکستان محمد علی جناح (ب) مولانا محمد علی جوہر (ج) ڈاکٹر اقبال (د) شاہ ولی اللہ

سوال نمبر 11: اکتوبر 1973ء میں مسلم لیگ کا 25 واں سالانہ اجلاس ۔۔۔ میں ہوا۔

(الف) ممبئی (ب) یوپی (ج) الٰہ آباد (د) لکھنؤ

سوال نمبر 12: مارچ 1940ء کو مسلم لیگ کا تاریخی اجلاس ۔۔۔ کی صدارت میں لاہور میں ہوا۔

(الف) قائد پاکستان محمد علی جناح (ب) مولانا محمد علی جوہر (ج) ڈاکٹر اقبال (د) لیاقت علی خان

سوال نمبر13: سندھ طاس معاہدہ۔۔۔میں ہوا۔

(الف)1958ء (ب)1960ء (ج)1965ء (د)1971ء

سوال نمبر14: نظریہ پاکستان کی بنیادیں۔۔۔عناصر پر رکھی گئی ہیں۔

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

سوال نمبر15: آئین کے بغیر۔۔۔کا تصور ممکن نہیں۔

(الف)ریاست (ب)مملکت (ج)حکومت (د)ملک

سوال نمبر16: حکومت کا انتظام جن اصول و قوانین کے تحت چلایا جاتا ہے۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف)قانون (ب)ضابطہ (ج)آئین (د)مسودہ

سوال نمبر17: نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے۔

(الف)اسلام (ب)اردو زبان (ج)خط اراضی (د)جمہوری نظام

سوال نمبر18: مفکرِ پاکستان ڈاکٹر محمد اقبال۔۔۔میں پیدا ہوئے۔

(الف)بہاولپور (ب)سیالکوٹ (ج)جھنگ (د)ڈھوڈال

سوال نمبر19: پاکستان۔۔۔زبانوں کا لفظ ہے۔

(الف)اردو اور فارسی (ب)اردو اور ہندی (ج)فارسی اور ہندی (د)اردو اور پنجابی

سوال نمبر20: پاکستانی قومیت کا نظریہ وطن کی محبت اور۔۔۔سے عبارت ہے۔

(الف)لسانیت (ب)عقیدت (ج)عصبیت (د)جذبے

سوال نمبر21: سندھ طاس معاہدہ آزادی کے۔۔۔سال بعد ہوا۔

(الف)10 (ب)12 (ج)13 (د)14

سوال نمبر22: دوسری عالمی جنگ کا عرصہ۔۔۔ہے۔

(الف)1939سے1945 (ب)1936سے 1945 (ج)1938سے1945 (د)1940سے1945

سوال نمبر23: آزادی کے وقت ہندوستان کا کل سرمایہ۔۔۔روپیہ تھا۔

(الف)3ارب (ب)4ارب (ج)5ارب (د)6ارب

سوال نمبر24: محمد علی جناح کراچی کے محلّہ۔۔۔پیدا ہوئے۔

(الف)صدر (ب)رنچھوڑلائن (ج)کھارادر (د)لانڈھی

سوال نمبر25:۔۔۔پاکستان کے پہلے گورنر جنرل تھے۔

(الف)قائداعظم (ب)لیاقت علی خان (ج)مولانا محمد علی جوہر (د)مولوی اے کے فضل الحق

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ:عامہ دوم　　پرچہ:آٹھواں　　مضمون:التربیۃالمدنیۃ(سندھ)

تاریخ:21-02-2024　　دن:بدھ　　کل وقت:2گھنٹے منٹ30　　کل نمبر:75

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ: کل 9 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 05 نمبر ہیں۔(5x9=45)**

سوال نمبر1: قومی یکجہتی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر2: مختصراً نظریہ پاکستان کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر3: مسلم لیگ کا قیام کس مقصد کے تحت/کیوں عمل میں آیا؟

سوال نمبر4: پاکستان کے ابتدائی مسائل مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر5: 1962ء کے آئین کی کوئی تین خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر6: نظریہ پاکستان کی بنیاد کتنے اور کن عناصر پر رکھی گئی؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر7: مقامی حکومت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر8: مقامی حکومت اور مقامی حکومتِ خود اختیاری میں فرق بتائیے۔

سوال نمبر9: پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اہم اصول مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر10: پاک چین دوستی کی بنیادیں کس نے رکھی تھیں؟

سوال نمبر11: پاک اور بھارت کے تعلقات کیوں کشیدہ ہیں؟ مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر12: قرار داد مقاصد دستور ساز اسمبلی میں کس نے پیش کی؟

سوال نمبر13: پاکستان اور ایران کی سرحد کتنے کلو میٹر ہے؟

سوال نمبر14: آئین کی تعریف کیجئے؟

سوال نمبر15: مندرجہ ذیل مخفف کن کے لئے استعمال ہوئے ہیں؟ کوئی 2 بتائیے۔　　SEATO (1)　　OIC(2)　　NAM(3)

## طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: قائداعظم کے چودہ نکات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: 1973ء کے آئین کی اسلامی شقیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: پاکستان میں قومی یکجہتی کو کس طرح فروغ دیا جاسکتا ہے؟

سوال نمبر4: پاکستان میں مقامی حکومت 2001ء کے اختیارات کے بارے میں وضاحت کیجیئے۔

سوال نمبر5: قرار داد لاہور 1940ء پر نوٹ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالبہ: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسطہ اول** پرچہ: **آٹھواں** مضمون: **الأردية(سندھ)**

تاریخ: **21-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتشہ: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حشرات الارض سے مراد ہیں۔

(الف) کیڑے مکوڑے (ب) چوپائے (ج) پرندے (د) درندے

سوال نمبر 2: اعلیٰ کا متضاد ہے۔

(الف) برتر (ب) بہترین (ج) ادنی (د) بہتر

سوال نمبر 3: "قوم" کی جمع ہے۔

(الف) اقوام (ب) قوائم (ج) قائم (د) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر 4: "ہلال" درست اعراب ہے۔

(الف) ہَلَال (ب) ہِلَال (ج) ہُلَال (د) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر 5: "مفادات" کا مترادف معنی ہے۔

(الف) اغراض (ب) بھلائیاں (ج) فائدے (د) تمام

سوال نمبر 6: درست سابقے کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) نوجوان (ب) بدجوان (ج) بے جوان (د) باجوان

سوال نمبر 7: درست جملہ ہے۔

(الف) مالی نے ہرا ہرا گھاس کاٹا (ب) اس نے ہری ہری گھاس کاٹی (ج) اس نے ہری ہری گھاس کاٹا (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 8: درست جملے کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) انہوں نے میرے سے کہا (ب) اس نے میرے سے کہا (ج) اس نے مجھ سے کہا (د) اس نے میریکو کہا

سوال نمبر 9: ہلال کہتے ہیں چاند کو:

(الف) پہلی رات کے (ب) دسویں رات کے (ج) چودھویں رات کے (د) آخری رات کے

سوال نمبر 10: "اختتام" درست اعراب ہے۔

(الف) اِخْتِتَامْ (ب) اِخْتَتَامْ (ج) اَخْتَتَامْ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 11: "مثبت" کا متضاد لفظ ہے۔

(الف) درست (ب) منفی (ج) غلط (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 12: "قدیم" کا مترادف لفظ ہے۔

(الف) پرانا (ب) نیا (ج) سستا (د) مہنگا

سوال نمبر13: "مشکل" کی جمع ہے۔

(الف) مشاکل (ب) مشکلات (ج) اشکال (د) شکلیں

سوال نمبر14: "زندگی" کا متضاد لفظ ہے۔

(الف) موت (ب) حیات (ج) اچھی زندگی (د) لمبی زندگی

سوال نمبر15: درست جملے کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) اتنی کھاؤ جتنی بھوک ہے (ب) اتنا کھاؤ جتنی بھوک ہے۔ (ج) اتنا کھاؤ جتنا بھوک ہے (د) اتنی کھاؤ جتنا بھوک ہے

سوال نمبر16: درست سابقے کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) عالیشان (ب) بہتر (ج) نظربند (د) دغاباز

سوال نمبر17: کمہار کی مؤنث ہے۔

(الف) کمہارن (ب) کمہاری (ج) کمہاران (د) کوئی نہیں

سوال نمبر18: پاکستان ملک ہے۔

(الف) صنعتی (ب) زرعی (ج) نیم صنعتی (د) نیم زرعی

سوال نمبر19: "نور" کی جمع ہے۔

(الف) نورانی (ب) انوار (ج) نورانیت (د) کوئی نہیں

سوال نمبر20: دوست کی مؤنث ہے۔

(الف) دوستی (ب) سہیلیاں (ج) سہیلی (د) بہن

سوال نمبر21: "بدگمان" کا مترادف لفظ ہے۔

(الف) بدظن (ب) خوش ظن (ج) خوش گمانی (د) حسن ظن

سوال نمبر22: اللہ تعالی سرچشمہ کمال ہے کیونکہ اس نے سب کو کمالات:۔

(الف) دکھائے ہیں (ب) بخشے ہیں (ج) بتائے ہیں (د) سنائے ہیں

سوال نمبر23: "جولاہا" کی مؤنث ہے۔

(الف) جولاہی (ب) جولاہن (ج) جولاہات (د) کوئی نہیں

سوال نمبر24: درست لاحقے کی نشاندہی ہے۔

(الف) عقلمند (ب) لافانی (ج) بااثر (د) انجان

سوال نمبر25: انگور پاکستان کے اس صوبے میں زیادہ ہوتا ہے۔

(الف) خیبر پختونخواہ (ب) سندھ (ج) پنجاب (د) بلوچستان

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: متوسطہ اول　　پرچہ: آٹھواں　　مضمون: الأردية (سندھ)

تاریخ: 21-02-2024　　دن: بدھ　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 01:۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کے سبق کا عنوان اور خط کشیدہ کے معانی تحریر کیجئے۔ (2+8=10)

1۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ اس صوبے کی آبادی گنجان نہیں۔ بلوچستان کا زیادہ تر رقبہ بنجر پہاڑوں پر مشتمل ہے۔

خیبر پختون خوا کا قدیم نام شمالی مغربی سرحدی صوبہ تھا۔ دنیا بھر سے آنے والے سیاح ان علاقوں کی سیر کرتے ہیں۔

2۔ ہمیں ہر کام میں سنجیدگی اور وقار کا دامن پکڑنا چاہیے۔ ہماری چال میں بھی سنجیدگی کا ہونا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کو عجز وانکسار پسند ہے۔

دوسروں کے بارے میں ہمیشہ مثبت سوچ رکھیں، بدگمانی سے بچیں۔

سوال نمبر 02:۔ مندرجہ ذیل اشعار میں کسی ایک کی تشریح تحریر کیجئے۔ (5)

1۔ ایک ایک شے کو ہے زوال مگر　　میرے اللہ! لازوال ہے تو

2۔ رکھتے ہو اگر ہوش تو اس بات کو سمجھو　　تم شہد کی مکھی طرح علم کو ڈھونڈو

سوال نمبر 03: مندرجہ ذیل میں سے کسی 5 سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ (5x2=10)

1۔ اللہ تعالیٰ کی صفات ہم سے کس بات کا تقاضہ کرتی ہے؟

2۔ حق کے نام پر کون کون سی اشیاء گونج اٹھیں؟

3۔ دین اسلام نظم وضبط کی کیا تعلیم دیتا ہے؟

4۔ قومی پرچم پر بنا ہوا چاند اور ستارہ کس بات کی علامت ہے؟

5۔ قدرتی کھاد سے کیا مراد ہے؟

6۔ ہمسایوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

7۔ شہد دوا ہے یا غذا؟

سوال نمبر 04: مندرجہ ذیل الفاظ وتراکیب کا جملوں میں استعمال کیجئے۔ (کوئی دس) (10)

1۔ ضمانت　2۔ روبرو　3۔ نخلستان　4۔ خطاکار　5۔ بحث وتکرار　6۔ قربانی

7۔ کمربستہ　8۔ زحمت　9۔ استقبال　10۔ انقلاب　11۔ حسن سلوک　12۔ مالامال

سوال نمبر 05: فیس کی معافی کے لئے درخواست تحریر کیجئے۔ "یا" والد صاحب کے نام پیسے کے لئے درخواست تحریر کیجئے۔ (7)

سوال نمبر 06:۔ "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے۔ "یا"

دو ہم جماعت طلباء کے درمیان بازاری کھانوں (فاسٹ فوڈ) کے متعلق مکالمہ تحریر کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 07:۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ (10)

1۔ جامعۃ المدینہ / میرا اسکول　2۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ　3۔ وقت کی پابندی

سوال نمبر 08:۔ مندرجہ ذیل محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔ (کوئی چھ) (6)

1۔ آب وتاب　2۔ چابک دستی　3۔ راست بازی　4۔ راست بازی

4۔ عمل پیرا کرنا　6۔ نظر انداز کرنا　7۔ چار چاند لگانا　8۔ فلک بوس

سوال نمبر 09:۔ مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کیجئے۔ (کوئی سات) (7)

1۔ مہمل　2۔ فعل　3۔ جملہ　4۔ جملہ انشائیہ

5۔ اسم معرفہ　6۔ جملہ خبریہ کی اقسام　7۔ نکرہ　8۔ معرفہ

9۔ حرف　10۔ اسم کی اقسام بناوٹ کے لحاظ سے

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: باوضو قبلہ رخ ہو کر اچھے کپڑے پہن کر تلاوت کرنا۔۔۔۔ ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) فرض (د) سنت

سوال نمبر 2: شرعاً لحن خفی سے بچنا۔۔۔۔ ہے۔

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) فرض (د) واجب

سوال نمبر 3: حروفِ تہجی کی تعداد۔۔۔۔ ہے۔

(الف) 27 (ب) 28 (ج) 29 (د) 30

سوال نمبر 4: زبان سے ادا ہونے والے حروف کو۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) حروف طرفیہ (ب) حروف متشابہ (ج) حروف غیر متشابہ (د) حروف لسانی

سوال نمبر 5: ط، د، ت کو۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) حروف نطعیہ (ب) حروف شفویہ (ج) حروف شجریہ (د) حروف حلقیہ

سوال نمبر 6: حرف کے پہلے والے حرف کو۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) مابعد (ب) ماقبل (ج) مدہ (د) قلقلہ

سوال نمبر 7: جس شخص نے قرآن پاک کا ایک حرف پڑھا اس کے لیے۔۔۔۔ نیکیاں ہیں۔

(الف) 8 (ب) 9 (ج) 10 (د) 11

سوال نمبر 8: اتنی تجوید سیکھنا کہ ہر حرف دوسرے حرف سے ممتاز ہو۔۔۔۔ ہے۔

